رئیس الجامعہ کا تبلیغی دورہ قطر

گزشتہ دنوں رئیس الجامعہ علامہ محمد مدنی صاحب وزارت اوقاف قطر کی وساطت سے دو ہفتوں کے تبلیغی دورے پر قطر روانہ ہوگئے۔ جہاں وہ مختلف مقامات پر بر صغیر سے تعلق رکھنے والے اردو خواں لوگوں سے خطاب فرمائیں گے۔ ان اجتماعات کے آخر میں سوال و جواب کی خصوصی نشستیں بھی ہوا کریں گی۔ وہاں قیام کے دوران دو خطباتِ جمعہ قطر کی مشہور بڑی مساجد پڑھائیں گے۔

جناب محمد افضل صاحب اور انکے بیٹوں طاہر، شاھد، زاہد افضل صاحبان کو صدمہ

مسجد مبارک اہلحدیث مشین محلہ نمبر ۳ کے ناظم مالیات بابو محمد افضل صاحب کی اہلیہ مختصر علالت کے بعد راولپنڈی ہسپتال میں انتقال فرماگئیں۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔

مرحومہ نہایت متقی، پرہیز گار اور صوم و صلوۃ کی پابند خاتون تھیں۔ ان کے بچوں پر یہ اچانک صدمہ ناقابلِ برداشت تھا جسے انہوں نے بڑے تحمل سے برداشت کیا۔ اللہ تعالیٰ انہیں صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔

ادارہ "حرمین" انکے اس غم میں برابر کا شریک ہے۔ اور دعا گو ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کی بشری لغزشوں، غلطیوں، کوتاہیوں اور صغیرہ و کبیرہ تمام گناہوں کو معاف فرمائے۔ اور انکی نیکیوں کو بڑھا چڑھا کر قبول فرمائے۔ اور انکی اولاد کو انکے لیے صدقہ جاریہ بننے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

جناب حفیظ اللہ بٹ، امان اللہ، عزیز اللہ اور سمیع اللہ بٹ صاحبان کو صدمہ

ان کے والد محترم جناب ضیاء اللہ بٹ صاحب کا اچانک انتقال پُر ملال

مورخہ ۷ جولائی بروز بدھ صبح ۹ بجے اچانک ہارٹ اٹیک سے بھائی عزیز اللہ بٹ صاحب کے والد محترم جناب ضیاء اللہ بٹ صاحب اس دنیائے فانی سے رخصت ہوگئے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔

انکی نماز جنازہ مرکزی جنازہ گاہ میں شام چھ بجے مدیر الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے سنتِ نبویؐ کے مطابق نہایت خشوع و خضوع اور مسنون دعاؤں کے ساتھ پڑھائی۔ جنازہ میں بھاری تعداد میں لوگوں نے شرکت کی اور یہ جہلم کے بڑے جنازوں میں سے ایک جنازہ تھا۔ ادارہ "حرمین" بٹ برادران اور دیگر ورثاء کے غم میں برابر کا شریک ہے اور دعا گو ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کی بتقاضائے بشریت غلطیوں کو معاف فرمائے اور انہیں کروٹ کروٹ جنت نصیب کرے اور انکی اولاد کو انکے لیے صدقہ جاریہ بنائے۔ آمین